© rasailojaraid.com

بجز نمود تجلائے تو کرا بینم
کہ مطمحِ نگہِ شوق ماسوائے نیست

آنکھوں کے روبرو ہے تجلیِ حسنِ دوست
اب مطمحِ نگاہِ طلب ماسوا نہیں

تو اے کہ حالِ دلِ غم نوازِ من پرسی
خبر نداری کہ از مدتے بجائے نیست

کیا پوچھتے ہو حالِ دلِ غم نواز کا
مدت سے میرے پہلو میں اس کا پتا نہیں

برم ز موجِ بلاخیز کشتیِ خود را
بہ آں کنارہ کہ در چشم ناخدائے نیست

موجِ بلا میں ایسا کنارہ بھی ہے، جہاں
شارِق رسائیِ نگہِ ناخدا نہیں

ہزار تاجِ شہی زیرِ پا ہمی دارد
گدائے یارگہِ عشقِ تو گدائے نیست

قدموں میں اپنے رکھتا ہے تاجِ شہنشہی
جو تیرے آستاں کا گدا ہے گدا نہیں

حقیقتِ الم بے نوا ہمیں قدر است
خراب میکدۂ عشق و پارسائے نیست

شارِق حقیقتِ الم بے نوا نہ پوچھ
مخمورِ جامِ عشق ہے یہ پارسا نہیں

## صاحبِ "کہف الایمان"

### حضرت مولانا مناظر احسن صاحب گیلانیؒ کی وفات پر

از

(جناب کاشف راجپوری)

اس عالمِ تصویر کا انداز غضب ہے
پرجوش و بلاگیر و ہم آہنگ و پر اسرار

اس پھول کا انجام یہاں رنگِ خزاں ہے
جس سے صفتِ مہر ہے پیشانیِ گلزار

وہ موج بھٹکتی ہے ہر آن سر اپنا
جس موج سے اک بوند بنی گوہرِ شہوار

وہ بادِ صبا جس پہ بپا حشرِ گلستاں
وہ بادِ صبا گردشِ پیہم سے گراں بار

وہ قطرہ کہ سیرابیِ دہقان سراپا
ہے قطعِ مقاماتِ منازل لیے دشوار

ہر آن ہر اک چیز یہاں گرمِ سفر ہے
ہے باعثِ تجدید یہاں لذتِ کردار



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اس انفس و آفاق میں اک جلوۂ موجود
ہر شے میں برابر کبھی پیدا کبھی پنہاں

یہ منزلِ کردار نہ پستی نہ بلندی
ہے کاہشِ پیہم یہاں آسودگیٔ جاں

اس منزلِ تجدید میں ہستی، متغیر
گاہے ہمہ بدمستی گاہے ہمہ عرفاں

شاہی قدمِ فقر پہ جھکتی ہے برابر
ماضی کا اشارہ ہے ہر اک آیتِ امکاں

اس قید سے وہ نقش مبرا ہے کہ جس میں
نقاش نے مستور کیا دلولۂ جاں

آئینِ فنا عشق سے ہے لرزہ براندام
وہ عشق کہ ہے عالمِ تدبیر سے بالا

موجوں کی کشاکش میں وہ گوہر ہے ضیا تاب
جس کو نگہ خاورِ زرتاب نے تاکا

ہر چیز گذرتی ہے یہاں جہدِ بقا سے
اک عشق کی دنیا ہے کہ امروز نہ فردا

جو عشق کہ مضراب سے پیدا ہو بصد ناز
ہٹ جانے سے بلبل کے وہ نغمہ نہیں مٹتا

جس معجزۂ عشق میں ہے دل کی بنوت
وہ معجزۂ عشق ابد تک ہے خرد افزا

آنکھ اس کے نظارہ کا تحمل نہیں کرتی
جس جلوۂ اعجاز پہ ہے عشق کا پردہ

وہ مردِ مجاہد کہ جسے عشق ہے حاصل
اس مردِ مجاہد کا مکاں اور زماں اور

وہ سیلِ گراں گیر ٹھہرتا نہیں اک دم
پستی سے گذرتا ہے تو ہوتا ہے رواں اور

وہ ذات کہ ہے عالمِ تعبیر سے اونچی
اس کے لئے آئینِ بہار اور خزاں اور

وہ گوہرِ زرتاب کہ دریا جسے پالے
درکار ہے اس کے لئے زینت کا جہاں اور

اس برقِ جہاں تاب و جہاں سوز کا عالم
چھپتا ہے نگاہوں سے تو ہوتا ہے عیاں اور

---



© rasailojaraid.com